30-09-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کریم نگر میں انٹی گریٹڈ ڈسٹرکٹ آفس کمپلیکس کا افتتاح کیا اور ایک لاکھ 124 ہزار 83 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ ہمدردی سے پیش آتے ہوئے خدمات انجام دیں۔

۲۔ بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے فصلوں کے نقصان اور پانی کے بحران پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مرکزی سطح پر نقصانات کا جائزہ لینے اور کسانوں کو فوری معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔

۳۔ سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ راجستھان کے ساتھ سنگارینی تھرمل پاور معاہدہ منسوخ کیا جائے اور پیدا ہونے والی تمام برقی تلنگانہ کے لئے مختص کی جائے۔

۴۔ وزیر سیتا اکا نے 12 ہزار سے زائد سرپنچوں اور دیہی عہدیداروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ روزگار اسکیم پر عمل درآمد اور زمینی سطح کے مسائل کا جائزہ لیا۔

۵۔ ایشین گیمز میں ہندوستان نے کمپاؤنڈ تیر اندازی میں شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے 3 گولڈ میڈلس حاصل کئے اور اپنے مجموعی تمغوں کی تعداد 59 تک پہنچا دی۔

SEETHAKKA

ریاستی وزیر اسیتا کا نے وی بی جی رام جی کے سلسلہ میں 12 ہزار سے زائد سرپنچوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ اس موقع پر پنچایت سکریٹریز، فیلڈ اسسٹنٹس ، بلاک اور ضلعی عہدیدار بھی موجود تھے۔ وزیر نے دیہی روزگار اسکیم پر عمل درآمد، زمینی سطح کے مسائل اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ترقیاتی کاموں کے انتخاب میں گرام سبھا کے فیصلوں کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے شفافیت اور کام کے معیار کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ اہل خاندانوں کو روزگار کے مواقع

فراہم کرنے پر زور دیا۔ سیتاا کا نے بلاک اور ضلعی حکام کو باہمی تال میل کے ساتھ مقامی مسائل حل کرنے اور دیہی ترقی کو مزید مستحکم کرنے کی ہدایت دی۔

Desk

BHATTI

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کوچی میں منعقدہ انڈیا ٹوڈے کانکلیو ساؤتھ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کو شفافیت برقرار رکھنے، ووٹر لسٹ سے نام حذف کئے جانے سے متعلق عوامی خدشات دور کرنے اور انتخابات پر اعتماد بحال کرنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے تلنگانہ حکومت کی فلاحی اسکیموں کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہیں مفت سہولیات کے بجائے انسانی سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جانا چاہیئے۔ انہوں نے مکانات، صحت، مفت سفری سہولت اور برقی کے شعبوں میں حکومت کی کامیابیوں کا ذکر کیا اور جنوبی ریاستوں کے ساتھ وفاقی سطح پر انصاف کی ضرورت پر زور دیا، سابق رہنماؤں کو دوبارہ کانگریس میں شامل ہونے کی دعوت دی اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے ساتھ مکمل اتحاد کا اظہار کیا۔

Desk

ASIAN GAMES

2026 کے ایشین گیمز میں کمپاؤنڈ تیراندازی کے مقابلوں میں ہندوستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تین گولڈ میڈلس حاصل کئے۔ خواتین کی ٹیم نے جس میں جیوتی سریکھا، چکیتا راؤ اور پرتھیکا پردیپ شامل تھیں، چین کو 238 کے مقابلہ میں 234 پوائنٹس سے شکست دے کر طلائی تمغہ جیتا۔ مکسڈ کمپاؤنڈ ٹیم ایونٹ میں چکیتا راؤ اور ساحل راجیش جادھو نے جنوبی کوریا کو سنسنی خیز شوٹ آف میں 157-158 سے شکست دی۔ مردوں کی کمپاؤنڈ ٹیم، جس میں کشال دلال، ساحل جادھو اور گنیش منی رتنم تھرمورو شامل تھے، نے چین کو 237-238 سے شکست دے کر اپنا خطاب برقرار رکھا۔ اس کے ساتھ

ہی ہندوستان 10 گولڈ، 21 سلور اور 28 براؤنس میڈلس سمیت مجموعی طور پر 59 تمغوں کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں ساتویں مقام پر ہے۔

Desk

GAMES ARCHERY

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ایشین گیمز میں خواتین کے کمپاؤنڈ تیر اندازی ٹیم ایونٹ میں طلائی تمغہ جیتنے پر تنی پارتھی چکیتا، جیوتی سریکھا اور پرتھیکا پردیپ کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی کامیابی سے ملک اور تلنگانہ کا نام روشن ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ایشین گیمز میں حصہ لینے والے تمام ہندوستانی کھلاڑیوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

Desk

KISAN MELA:

منچریال ضلع کے بیلم پلی میں واقع کرشی وگیان کیندر میں کسان میلہ منعقد کیا گیا۔ سرپور کے رکن اسمبلی پال وائی ہریش، ضلع کلکٹر کمار دیپک اور کے وی کے کے سائنس دانوں نے میلہ میں شرکت کی۔ کسانوں کو جدید زرعی تکنیکوں اور فلاحی اسکیموں کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ ضلع کلکٹر نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ سائنسی طریقہ کی کاشت اپنائیں اور زیادہ آمدنی والی متبادل فصلوں جیسے آئل پام اور سبزیوں کی کاشت کریں۔

PTC/MNCL

HARISH RAO

سابق بی آر ایس وزیر ہریش راؤ نے سنت نگر میں گریجویٹ ایم ایل سی ووٹر رجسٹریشن کی تیاری کے لئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ 10 اکتوبر کی آخری تاریخ سے قبل ووٹروں کے اندراج کے عمل میں سرگرمی سے حصہ لیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی حکومت پر

فیس ری ایمبر سمنٹ زیر التوار کھنے، ملازمین کے فوائد میں تاخیر اور تقررات کا عمل روکنے کا الزام عائد کیا اور دعویٰ کیا کہ ہر طبقہ خود کو دھوکا کھایا ہوا محسوس کر رہا ہے اور بی آر ایس کی کامیابی پر اعتماد ظاہر کیا۔

Desk

SINGARENI

سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے نام ایک کھلا خط لکھ کر راجستھان کو سنگارینی تھرمل پاور پلانٹ سے 800 میگاواٹ برقی فراہم کرنے کیلئے کئے گئے مشترکہ منصوبے کے معاہدے کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے برقی کے انتظام اور کوئلہ کی فراہمی سے متعلق مسائل پر تنقید کی۔ ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ پیدا ہونے والی تمام برقی تلنگانہ کی ضروریات کے لئے مختص کی جائے تاکہ مقامی کسانوں اور عوام کو فائدہ پہنچ سکے۔

Desk

SHIVRAJ SINGH

مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے خریف 2026-27 کے لئے پرائس سپورٹ اسکیم کے تحت 7.06 لاکھ میٹرک ٹن دالوں اور تلہن کی خریداری کے لئے 5,547.99 کروڑ روپے کی منظوری دی ہے۔ اس اقدام سے تلنگانہ، اتر پردیش اور کرناٹک کے کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ اسکیم کے تحت تور، مونگ، سویابین اور سورج مکھی کی کم از کم امدادی قیمت پر خریداری کی جائے گی۔ اس کا مقصد کسانوں کو بازار کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے تحفظ فراہم کرنا اور زرعی آمدنی میں استحکام پیدا کرنا ہے۔

PIB

CONVOCATION

ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر گھنٹا چکراپانی نے اعلان کیا ہے کہ یونیورسٹی کا 27 واں کانووکیشن 7 اکتوبر کو منعقد ہوگا۔ اس موقع پر گورنر شیوراج پرتاپ شکلا 36 ہزار طلبہ کو ڈگریاں عطا

کریں گے اور بی نرسا راؤ کو اعزازی ڈاکٹریٹ سے نوازا جائے گا۔ یونیورسٹی یو جی سی سے منظور شدہ آن لائن تعلیم کے شعبہ کو وسعت دے رہی ہے اور روزگار پر مرکوز 25 نئے پروگرام شروع کر رہی ہے۔ ان پروگراموں میں خواتین اور دیہی علاقوں کے طلبہ کے لئے اسکالرشپ بھی فراہم کی جائیں گی۔

PTC/HYD

SIDDIPET

سدی پیٹ ضلع کی کلکٹر کے ہیما وتی نے پلور اور پدمنا بھونی پلی گاؤں میں بھو بھارتی اراضی کے دوبارہ سروے کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے سروے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حکومتی رہنما اصولوں کے مطابق جدید روور ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے زمین کی حدود کی درست نشاندہی کی جائے۔ کلکٹر نے کہا کہ کسانوں کو پیشگی اطلاع دینے کے بعد ان کی موجودگی میں شفاف طریقہ سے سروے کیا جائے اور کوآرڈینیٹس کی ریکارڈنگ میں کسی بھی قسم کی غلطی نہ ہونے دی جائے، تاکہ طویل عرصہ سے جاری اراضی تنازعات کو مؤثر طریقہ سے حل کیا جاسکے۔

PTC/SDPT

YADADRI

یادادری بھونگیر ضلع کے کلکٹر انوراگ جینتی نے پوچم پلی ٹورزم پارک کا دورہ کیا اور سیاحت کے فروغ کے لئے مقامی دستکاری، ثقافت اور قدرتی خوبصورتی کو اجاگر کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے منتخب ٹورازم گائیڈس اور بنکروں سے بات چیت کی اور اکاٹ کپڑے کی تیاری اور مقامی طرز زندگی کو سیاحوں کے سامنے پیش کرنے کی ترغیب دی۔ کلکٹر نے کہا کہ اس سے نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع اور بنکروں کے لئے بہتر بازار دستیاب ہوں گے۔ اس موقع پر آنکھوں کے مسائل سے دوچار بنکروں میں عینکیں بھی تقسیم کی گئیں۔

PTC/YB

NIZAMABAD

ریاستی حکومت کے مشیر پی سدرشن ریڈی نے رورل رکن اسمبلی آر بھوپتی ریڈی اور ضلع کلکٹر بھاویش مشرا کے ہمراہ نظام آباد میں لکام پلی ایس ای زیڈ کے قریب مجوزہ آئل پام فیکٹری کے لئے زمین کا معائنہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ نظام آباد اور نرمل اضلاع میں 17 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر آئل پام کی کاشت کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مجوزہ مقام کو فیکٹری کے لئے موزوں قرار دیتے ہوئے کسانوں کو متبادل فصل کے طور پر آئل پام کی کاشت اختیار کرنے کی ترغیب دی۔

PTC/NZB

SANJAY JAJU

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے وژن کے مطابق چیف سکریٹری سنجے جاجو نے حیدرآباد کو گیمنگ، وی ایف ایکس اور اینی میشن کے عالمی مرکز کے طور پر فروغ دینے کے لئے خصوصی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے دسمبر میں منعقد ہونے والی تلنگانہ گلوبل سمٹ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹوریز، گیمز اینڈ ڈریمز کے موضوع کے تحت نوجوانوں پر مرکوز پروگرام منعقد کئے جائیں گے جن کا مقصد بڑی بین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور ریاست کے تخلیقی تفریحی شعبہ کو وسعت دینا ہے۔

Desk

NALGONDA

سوریاپیٹ ضلع کے ویلفیئر آفیسر نرسمہا راؤ نے معمر افراد کے عالمی دن کے موقع پر جسمانی صحت و تندرستی کے لئے یوگا اور چہل قدمی کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر 'ایکٹو ایجنگ اینڈ انٹر جنریشنل ہارمنی' کے عنوان سے واکاتھون کا اہتمام کیا گیا، جو میونسپل دفتر سے پرانم ڈے کیئر سنٹر تک نکالی گئی۔ واکاتھون کا مقصد مختلف نسلوں کے درمیان باہمی تعلق اور ہم آہنگی کو فروغ دینا تھا۔ پروگرام کے اختتام پر معمر افراد کی دیکھ بھال سے متعلق عہد بھی لیا گیا۔

PTC/NLG

RAILWAY OVER BRIDGE

نظام آباد رورل کے رکن اسمبلی بھوپتی ریڈی نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے ارسا پلی، نظام آباد بائی پاس اور مادھونگر میں تین ریلوے اوور برج تعمیر کرنے اور چار لین سڑکوں کو مربوط کرنے کے لئے 214 کروڑ 77 لاکھ روپے سے زائد کی رقم جاری کی ہے۔ان منصوبوں سے ریلوے کراسنگ پر ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی اور مسافروں کے لئے آمدورفت مزید آسان ہوگی۔

PTC/NZB

SANGAREDDY

سنگاریڈی ضلع کے کلکٹر پرتیک جین نے جھرا سنگم منڈل کے پوٹ پلی میں واقع گودریج ایگرو ویٹ آئل پام نرسری کا معائنہ کیا۔انہوں نے محکمہ باغبانی کے عہدیداروں کو نرسری کے انتظام اور پودوں کے معیار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔عہدیداروں نے بتایا کہ حکومت کسانوں کو فی پودا 2,193 روپے کی سبسڈی فراہم کررہی ہے۔انہوں نے نرسری کی گنجائش، پودوں کی ابتدائی اور ثانوی افزائش کے مراحل اور صحت مند وزیادہ پیداوار دینے والے پودوں کی تقسیم کے لئے مقررہ سخت معیارات سے کلکٹر کو واقف کرایا۔

PTC/SR

JANGAON

سابق نائب وزیراعلیٰ اور اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے چل پور منڈل میں گاندھی رامارم لفٹ اریگیشن اسکیم کے لفٹ 1 پمپ ہاؤس کا آبپاشی عہدیداروں کے ہمراہ معائنہ کیا۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ باقی ماندہ 30 فیصد کام جنوری تک مکمل کئے جائیں۔کڈیم سری ہری نے یقین دلایا کہ دوسری فصل کیلئے بھی آبپاشی کا پانی فراہم کیا جائے گا۔

PTC/JGN

KARIMNAGAR - CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کریم نگر کا اپنا دورہ مکمل کیا۔ ضلع کلکٹر چترا مشرا، پولیس کمشنر غوث عالم اور میئر سرینواس نے ان کا استقبال کیا۔ گارڈ آف آنر پیش کئے جانے کے بعد وزیر اعلیٰ نے تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی۔ نئے انٹی گریٹیڈ ڈسٹرکٹ آفس کمپلیکس کا افتتاح کیا اور ایک لاکھ 124 ہزار 83 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا۔ وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر بنڈی سنجے، ریاستی وزراء اور اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ضلع کی انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سرکاری ملازمین پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ ہمدردی کے ساتھ خدمات انجام دیں۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت کے ساتھ تعمیری تعاون کے ذریعہ بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں کی منظوری اور دفاعی اراضی کی منتقلی جیسے معاملات کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے ملازمین کی شکایات دور کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ضلع کی پیش رفت کا مکمل جائزہ لینے کا بھی وعدہ کیا۔ اس کے بعد وہ سرسلہ کے لئے روانہ ہوگئے۔

PTC/KMN

GADWAL

عالم پور ڈویژن کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر زراعت شیوانگی ریڈی نے منو پاڈ میں مانا گرومور مرکز کا معائنہ کیا اور کھاد کے اسٹاک رجسٹروں اور موجودہ ذخیرے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے نقلی کھاد فروخت کرنے یا مصنوعی قلت پیدا کرنے کے خلاف سخت انتباہ دیا۔ انہوں نے دکانداروں کو مناسب ریکارڈ برقرار رکھنے کی ہدایت دی۔ منڈل زرعی افسر سندیپ کمار بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حکام نے کھاد کی بکنگ کا عمل بلا رکاوٹ جاری رکھنے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

PTC/J.GWL

RAMCHANDER RAO

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے نلگنڈہ ضلع میں خشک سالی سے متاثرہ کھیتوں کے

دورہ کے بعد ناگر جنا ساگر میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے فصلوں کے نقصان، برقی کی فراہمی میں رکاوٹ اور پانی کے بحران کے لئے منصوبہ بندی کی کمی کو ذمہ دار قرار دیا۔ انہوں نے کسانوں کو فوری مالی معاوضہ دینے اور کرناٹک کی طرز پر نقصانات کا جائزہ لینے کے لئے مرکزی ٹیم بھیجنے کا مطالبہ کیا۔رام چندر راؤ نے کے آر ایم بی کے اجلاسوں میں کرشنا کے پانی میں تلنگانہ کے حصہ کے تحفظ کے لئے ریاستی حکومت سے بھرپور انداز میں اپنا موقف پیش کرنے پر زور دیا۔انہوں نے کالیشورم بیراجوں سے متعلق پی ۔سی ۔گھوش کمیشن اور این ڈی ایس اے کی رپورٹس جاری کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔انہوں نے کوئلہ کی قلت کو ذمہ دار قرار دینے کے بجائے برقی کے انتظام کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

DESK

MEDAK

میدک کے ایڈیشنل کلکٹر امباداس راجیشور نے 31 پی ایم شری اسکولوں کے طلبہ کے لئے منعقدہ ماک پارلیمنٹ پروگرام میں شرکت کی۔اس پروگرام میں طلبہ نے اسپیکر، وزراء اور اپوزیشن ارکان کے کردار ادا کئے۔اس سرگرمی کا مقصد طلبہ میں قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا اور قانون سازی کے طریقہ کار سے ان کی واقفیت بڑھانا تھا۔

PTC/MDK

○○